Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۳ شعبان ۱۳۳۶ھ مطابق ۳ جون ۱۹۱۸ء	جلد ۳۰

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اعلان قیمت گزٹ	۱
۲	مستقلی صاحبزادہ سید علی حیدر خاں بہادر نائب جیلر	۲
۳	تقرر عنایت حسین خاں بعہدہ ہیڈ کانسٹبلی	"
۴	رخصت کورٹ انسپکٹر صاحب	"
۵	موقوفی امداد حسین محافظ رخصت	"
۶	رخصت سید اعجاز علی صاحب مجسٹریٹ درجہ دوم	"
۷	" مظہر علی خاں پیشکار	"
۸	" منعم محافظ تحویلخانہ	"
۹	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

اعلان مطبع

قیمت گزٹ ریاست رامپور مستقل خریداران کیلیے حسب ذیل مقرر کی گئی ہے

سالانہ .... للعہ

ششماہی ۶ر

واضح ہو کہ خریداران گزٹ کو قیمت سالانہ یا ششماہی پیشگی داخل مطبع کرنا ہوگی۔ جسکی رسید ضابطہ مطبع سے ملیگی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

مستقلی

۲۰ مئی ۱۹۱۸ء

حسب منشاء حکم اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم معدودہ ۱۲ مئی ۱۹۱۸ء صاحبزادہ سید علی حیدر خان بہادر قایم مقام نائب جیلر تاریخ ختم میعاد امتحانی سے مستقل کیے گئے۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تقرر

۲۶ مئی ۱۹۱۸ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس خورشید حسین اسٹنٹ سب ڈویژنل افسر مذکور جدید کا استعفا اور بجائے اُسکے عنایت حسین خان کا تقرر منظور ہوا۔

رخصت

۲۰ مئی ۱۹۱۸ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس رخصت دس یوم اتفاقیہ کورٹ انسپکٹر صاحب بندوبست بابو شمس الدین سب انسپکٹر کورٹ منظور ہوئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

موقوفی مختار عام

۱۰ مئی ۱۹۱۸ء

لالہ دینا ناتھ و مداریلال ساکنان بلاسپور نے امداد حسین اپنے مختار عام کو کار مختاری سے موقوف کر دیا۔ اور اسکی تصدیق سب رجسٹرار بلاسپور سے ہوگئی۔ لہذا درج گزٹ ہوا۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲۸ مئی ۱۹۱۸ء

سید اعجاز علی صاحب اسپشل مجسٹریٹ درجہ دوم پندرہ یوم کی رخصت لیکر وطن کو گئے تھے۔ وہاں سے آٹھ یوم کی مزید رخصت حاصل کی جو منقضی ہوگئی اب ۲۰ مئی ۱۹۱۸ء کو ایک تار اُنہوں نے بھیجا ہے کہ بوجہ بیماری نینی تال جانیکی ضرورت ہے۔ ۱۹ جون کو حاضر ہونگے۔ مگر سید کاظم علی صاحب کا تار بدیں مضمون آیا ہے کہ اعجاز علی بوجہ ضروری کام ۶ جون تک حاضر نہیں ہونگے۔ رخصت منظور کی جائے۔ لہذا صاحب اسپشل مجسٹریٹ درجہ دوم کی رخصت ۶ جون تک منظور کی جاتی ہے صاحب مجسٹریٹ ضلع اُنکو مطلع کر دیں کہ حسب مدعا تار سید کاظم علی صاحب ۶ جون تک رخصت منظور کر لیگئی ہے وہ ۷ جون کو اپنے کام پر حاضر ہوں۔

بنا براں حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ہر دو تار شامل روبکار ہذا ہیں۔

جوڈیشل سکریٹری بہادر

ملخص احکام اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ مئی ۱۹۱۸ء

حسب سفارش جناب افسر صاحب کارخانہ جات و جناب صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر ذات خاص رخصت دس یوم مظہر علی خاں پیشکار کی ۲۰ مئی سنہ حال سے بغرض روانگی ملک بکار گنی یونس خاں محرر سررشتہ منظور ہوئی۔

۲۰ مئی ۱۹۱۸ء

رخصت پندرہ یوم منصرم گاؤ میش خانہ کی ۵ جون ۱۹۱۸ء سے بکار گنی فیروز شاہ خاں نائب منصرم گاؤ خانہ منظور ہوئی۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۷ مئی لغایت ۲ جون سنہ ۱۹۱۰ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۸ ار	۷ ار	۷ ار	۷ ار	۸ ار	۷ ار	
نخود خالص	۹ ار	۹ ار	۱۰ ار	۱۰ و ۱۰ ار	۹ ار	۹ ار	
نخود گشتہ آمیز	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۱ ار	۱۰ ار	
گشتہ	۱۱ ار	٠	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	
ماش	۷ ار	۷ ار	۷ ار	٠	۷ ار	۷ ار	
مونگ	۷ ار	۷ ار	۷ ار	٠	۷ ار	۷ ار	
مکا	۱۳ ار	٠	۱۵ ار	۱۵ ار	۱۳ ار	٠	
جئی	۱۲ ار	٠	۱۰ ار	۱۴ ار	۱۱ ار	۱۳ ار	
گوجئی	٠	۱۰ ار	۱۳ ار	۱۱	۱۰ ار	۱۱ ار	
مسور	۹ ار	۹ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	٠	
ارہر	۱۱ ار	۱۲ ار	۱۳ ار	۱۴ ار	۱۴ ار	۱۳ ار	
برنج	۶ ار	۶ ار	۶ ار	۶ ار	۵ ار	۶ ار	
روغن زرد	ـ ۱۱ ار	٠ ار	٠ ار	٠ ار	٠ ار	ـ ۱۱ ار	
روغن سیاہ	۱ ۱۱ ار	۱ ار	۲ ار	۱ ار	۲ ار	۱ ار	
روغن کنجد	۱۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	
نمک سانبھر	۹ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۸ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	
نمک لاہوری	۷ ار	۹ ار	۶ ار	۶ ار	۸ ار	۹ ار	
قند سیاہ	۷ ار	۷ ار	۸ ار	۹ ار	۸ ار	۹ ار	
باجرہ	۶ ار	٠		٠	٠	٠	